© rasailojaraid.com



**شیخ الحدیث کا صدارتی ایوارڈ چند تہنیتی پیغامات کے اقتباسات**

○ محترم حضرت مولانا صاحب زید مجدکم و تعالیٰ۔ علم و حکمت کے میدانوں میں اعتراف عظمت اور فنون ادب کے لئے اعتراف رفعت کی موجودہ فضاء بیش رفت بہر لحاظ قابل قدر اور لائق تحسین ہے۔ مجھے یقین کامل ہے کہ وہ وقت زیادہ دور نہیں ہے کہ جب پاکستان میں علم کا دور دورہ ہوگا اور عالم عظمت و رفعت سے ہم کنار ہوں گے۔ درحقیقت یہی وہ فضا ہوگی اور یہی وہ وقت ہوگا کہ پاکستان علم و عالم کی محبت سے سرشار ہو کر صف اقوام عالم میں اپنا مقام بلند و رفیع پائے گا۔ اور خواب مقصدیت پاکستان شرمندۂ تعبیر ہوگا۔ حکومت وقت اس باب میں بے حد سنجیدہ ہے آپ کے اعزاز و اکرام پر میں آپ کو دلی مبارک باد دیتا ہوں۔ احترامات۔ حکیم محمد سعید چیرمین ہمدرد ٹرسٹ پاکستان

○ براہ کرم میری جانب سے ۱۴ اگست کی اعزازی لسٹ میں آں جناب کو اعلیٰ کارکردگی پر ستارۂ امتیاز ملنے پر دلی مبارک باد قبول فرمائیں۔ ریئر ایڈمرل۔ ایم آئی ارشد چیرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ

○ دنیائے اسلام میں شیخ الحدیث کے جلیل القدر مرتبے پر آپ کی سرفرازی بذاتہ آپ کے دینی علم و دسترس کا بیّن ثبوت ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آپ کی دینی خدمات نہ صرف اہالیان پاکستان بلکہ مسلمانان عالم کے لئے بھی گراں قدر اور اظہر من الشمس ہیں۔ اور حکومت کی طرف سے ستارۂ امتیاز کا عطا کیا جانا تو محض ایک معمولی اعتراف ہے جو کسی صورت بھی آپ کی لامحدود دینی خدمات کا نعم البدل نہیں ہو سکتا۔

دلی دعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو صحت و تندرستی کے ساتھ درازی عمر سے نوازے کہ ملت آپ کے دینی علم و دانش سے بہرہ ور ہوتی رہے۔ اور اس دور میں جب کہ اسلامی نظام حکومت کے نفاذ کا عمل شروع ہو چکا ہے مسلمانان پاکستان آپ کی دینی بصیرت سے روشنی حاصل کر سکیں۔ نیاز مند، اے ایس نوی والا کراچی ۱۲

○ ۱۴ اگست کے جنگ کراچی میں تفصیل پڑھی ہم سب پاکستانی بے حد خوش ہوئے۔ حافظ شریف اللہ الامام سعودی عرب

○ آپ کی ذات ان دنیاوی نمود کی چیزوں سے بالاتر ہے تاہم خوشی اس کی ہے کہ آپ کے ذریعے جو خدمت دین ہو رہی ہے اس کا اعتراف کرنے والے موجود ہیں۔ عبدالحمید خان۔ کراچی

○ حضرت کی ذات ستودہ صفات ایسے اعزازات سے چنداں ارفع ہے۔ درحقیقت یہ اعزاز دنیا اس اعزاز کے لئے اعزاز ہے۔ محمد فضل اللہ جان حقانی۔ لاہور

○ دلی مبارک باد۔ اللہ تعالیٰ حضرت کی عمر برائے اسلامیان پاکستان و علماء دین دراز فرمائے۔ عبدالباقی کالش ہزارہ

○ دینی علوم کی ترویج اور دینی امور میں رہنمائی کے لئے جس طرح زندگی وقف کر رکھی ہے ہر خاص و عام پر روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئی دنیوی اعزاز یا انعام آپ کی خدمات کا صحیح بدل ہو ہی نہیں سکتا۔ البتہ اس کا صحیح اجر تو اللہ تعالیٰ ہی عطا کرے گا۔ محمد رفیع الدین جنرل منیجر آدم جی پیپر بورڈ ملز نوشہرہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ اس اعزاز پر دلی مبارک باد اور دعائے درازیٔ عمر آپ کا چشمہ فیض جاری رہے۔ محمد نواز نور منزل گجرات

○ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت عمر درازی کے ساتھ مزید اعزازات سے نوازے۔ لفٹیننٹ کرنل ضیاء الحق پشاور

○ صرف رسمی نہیں بلکہ دلی جذبات کی صحیح عکاسی کرنے والی مبارک باد۔ بریگیڈیر (ریٹائرڈ) راجہ خورشید احمد تلہ گنگ وال

○ آپ کی دینی خدمات کا صلہ دنیا میں پورا ہونا محال ہے۔ بہرحال اس قدر شناسی پر حکومت تحسین کی مستحق ہے
محمد ظاہر شاہ بھٹہ ویلج کراچی

○ حضرت کا رتبہ اہل بصیرت کی نظر میں اس سے بڑھ کر ہے لیکن ایک عرصہ سے حکومت کو علماء کے دینی و علمی اور قومی خدمات کے اعتراف پر ہمیں ازحد خوشی حاصل ہوئی ہے۔ نصیب علی شاہ فاضل حقانیہ وجمیع فضلاء حقانیہ و مدرسین۔ جامعۃ العلوم الاسلامیہ زرگری کوہاٹ۔

○ آں جناب کی دینی خدمات قابل قدر ہیں۔ دلی مبارک باد پیش ہے۔ اے کے رئیس مینجنگ ڈائرکٹر کولمبس ٹریولز کراچی

○ اخبار میں پڑھا بے حد خوشی ہوئی سب احباب مبارک باد کہتے ہیں۔ حکیم پیر محمد مروت بنوں

○ ستارہ امتیاز کو مبارک ہو کہ وہ ایسی مقدس جگہ پہنچا۔ آپ کا اداریہ اس موضوع پر ماشاء اللہ خوب ہے جزاک اللہ۔ (جسٹس مولانا) محمد تقی عثمانی۔ کراچی

○ ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے بعد یہ دوسرا موقع ہے کہ حضرت کی علمی کاوشوں وخدمات کا اعتراف کیا گیا ہے اللھم زد فزد۔ محمد زین العابدین شور

○ اللہ تعالیٰ حضرت کی عمر دراز کرے اور مزید خدمت دین لے۔ طلعت محمود راولپنڈی

---

○ مکرمی ومحترمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہ امر باعث مسرت ہے کہ حکومت پاکستان نے آپ کی دینی خدمات کے اعتراف کے طور پر آپ کو "ستارۂ امتیاز" کا ایوارڈ دیا ہے۔ میں اس موقع پر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں آپ اپنی پرخلوص کوششیں جاری رکھیں گے۔

والسلام
آپ کا خیر اندیش ومخلص
محمد عباس عباسی
وفاقی وزیر مذہبی امور

© rasailojaraid.com